## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم

## بچوں کو بڑی تعداد میں پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے

## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر اورنگ آباد کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔15، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم آغاز کیا گیا جس کے دوران خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز اور میڈیکل سینٹرز پر ہزاروں کی تعداد میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے۔ پولیو سے متاثرہ بچوں کے کیسز سامنے آنے پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت خصوصی طور پر گشتی ٹیمیں تشکیل دی گئیں جنہوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے اور والدین کو احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سہ روزہ مہم کے دوران بچوں کو خورشید بیگم میڈیکل سینٹر اورنگ آباد، نذیر حسین میڈیکل سینٹر و اسپتال فیڈرل بی ایریا اور کراچی کے درجنوں مقامات پر قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں میں پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلانے کے انتظامات کئے گئے تھے جہاں صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک بچوں کو بڑی تعداد میں پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جاری انسداد پولیو کی اس سہ روزہ مہم کے دوسرے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری خورشید بیگم میڈیکل سینٹر اورنگ آباد کا دورہ کیا اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے۔ انہوں نے میڈیکل سینٹر میں پولیو ویکسین پلانے کے انتظامات کا جائزہ لیا اور عملہ کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ایم کیوایم ٹنڈو الہیار کے زونل انچارج خوشی محمد کے تایا زاد بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم ٹنڈو الہیار زون کے انچارج خوشی محمد کے تایا زاد بھائی محمد اکبر مغل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## سعودی دارالحکومت ریاض میں محبان پاکستان کی سینٹر کمیٹی کا دوروزہ اجلاس

## اجلاس میں تنظیم کو مڈل ایسٹ اور دیگر ممالک میں فعال کرنے کے بارے میں اہم فیصلے کئے گئے

ریاض۔۔۔15، اکتوبر 2008ء۔۔۔خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان کی سینٹرل کمیٹی کا دوروزہ اجلاس جمعرات اور جمعہ کے روز سعودی دارالحکومت ریاض میں ہوا جس میں سعودی عرب کے تمام شہروں سے تعلق رکھنے والے محبان پاکستان کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محبان پاکستان کو مڈل ایسٹ کے ممالک دبئی، بحرین، مسقط، کویت اور دیگر ممالک میں فعال کرنے کے حوالہ سے تفصیلی غور وخوض کیا گیا اور اہم فیصلے بھی کئے گئے۔ اجلاس میں محبان پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا گیا۔ اس موقع پر سعودی عرب کے مختلف شہروں سے آنے والے ذمہ داران نے اپنی کارکردگی کی رپورٹس پیش کی۔ اجلاس کے اختتام پر محبان پاکستان ریاض آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین کی جانب سے ذمہ داران کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا گیا۔

## طالبانائزیشن کے حوالے سے الطاف حسین کے انکشافات کا نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم آسٹریلیا

آسٹریلیا۔۔۔15، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آسٹریلیا یونٹ کا ہنگامی اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم آسٹریلیا یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے ایم کیوایم آسٹریلیا یونٹ کے آرگنائزر افروز شاہین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ سندھ میں طالبانائزیشن کے حوالہ سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خدشات درست ثابت ہورہے ہیں اور حکومتی سطح پر طالبانائزیشن کے حوالہ سے جناب الطاف حسین کے انکشافات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر بے گناہ ہم وطن اور ہم مذہب شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے انسانیت اور اسلام کے کھلے دشمن ہیں اور جو عناصر خودکش بم دھماکوں کی حمایت کررہے ہیں وہ پاکستان اور اس کے عوام کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے۔ اجلاس کے اختتام پر پاکستان کے استحکام اور ملک کی سلامتی کے علاوہ حق پرستانہ پیغام کے فروغ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکن شہاب شیخ کے والد محمد ادریس کے انتقال پر
## رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم یو کے کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔15 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکن شہاب شیخ کے والد محمد ادریس کے انتقال پر اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے اور مرحوم کے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے بھی شہاب شیخ سے ان کے والد کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

☆☆☆☆☆☆